حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص و افعال، قوت جاذبہ، روحانیت و طلسمات، اعمال و نقوش اور الواح پر مبنی لاثانی و انمول تصنیف

ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ

# فیضان الحروف

غلام سرور شباب

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان®
اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ فون: +92-44-4774734

E-mail: ghulamsarwarshabab@hotmail.com
Website: www.roohaniyat.com

۷۸۶

| ۱۳۱ | ۱۱۷ | ۱۲۴ | ۱۲۸ |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | ۱۲۹ | ۱۳۰ | ۱۱۸ |
| ۱۲۶ | ۱۲۲ | ۱۱۹ | ۱۳۳ |
| ۱۲۰ | ۱۳۲ | ۱۲۷ | ۱۲۱ |

اجب یا میکائیل بحق ثا

## موذی جانور اور زہر سے حفاظت

اس طلسمی مربع کو انگوٹھی پر کندہ کر کے پہن لیا جائے تو سانپ اور دیگر موذی جانور سے حفاظت رہے گی۔ اگر زہر ملا ہوا کھانا سامنے آئے تو فوراً پتہ چل جائے گا۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 9 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

ث ث ث ث

| ۱۲۱ | ۱۲۰ | ۱۳۲ | ۱۲۷ |
|---|---|---|---|
| ۱۳۳ | ۱۲۶ | ۱۲۲ | ۱۱۹ |
| ۱۱۸ | ۱۲۳ | ۱۲۹ | ۱۳۰ |
| ۱۲۸ | ۱۳۱ | ۱۱۷ | ۱۲۴ |

ث ث ث ث

# حرف ''ث'' کے مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں **501** دعوت اور **501** مرتبہ اضمار پڑھنے سے ہلکے نیلے رنگ کا مؤکل یا آسمانی رنگ کے نور کی شکل میں ظاہر ہوگا اور عامل کے تمام کام کر دے گا۔ شرائط جمالی کے ساتھ عمل کرنا ضروری ہے۔ بخور عود کا جلانا لازم ہے۔

**(دعوت) یا میکائیل یا ثائیل بحق ثا یا ثا ۔یا میکائیل یا ثائیل یا ثقہ یا ثابت ۔یا حیائیل بحق یا وارث۔**

**(اضمار) اجب الخادم عیائیل بحق نیا لیدرس طمعت انما امرہ۔**

# حرف خ کے اعمال

## منسوبات

خ، یہ حرف بادی ہے اور اس کے اعداد ۶۰۰ ہیں۔ ابجد قمری کا یہ چوبیسواں حرف ہے۔ منزل قمر سعود سے منسوب ہے۔ بلحاظ صفت ظلمانی اور جمالی ہے۔ مزاج کے لحاظ سے سرد تر ہے۔ اس کا دن بدھ ہے۔ بخور میں بنفشہ استعمال کریں۔ اسم موکل علوی میکائیل درد فائیل اور ملک سفلی ابو عبداللہ ذکرش وراطفیات الخا تو دالخیر اور قہریات الخافض اور آیت اس کی هُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ اور بعض کا قول ہے کہ اس کی آیت سورۂ انعام میں بہت ہے قولہ تعالیٰ وَإِذْ جَارَتْهُمْ۔

## مہربانی کے لئے

اگر کوئی شخص کسی سے خوف زدہ ہو اور کسی کام کے لئے اس کی محفل میں جانا ضروری ہو تو اس حرف کو اپنی ہاتھ کی ہتھیلی پر اس طرح لکھیں۔ ان شاء اللہ وہ مہربان ہو جائے گا۔

# دشمن مسخر ہو

دشمن کو مسخر کرنے کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ جس وقت چاند برج عقرب میں اس وقت بساعت زہرہ حرف خ ۶۰ مرتبہ کسی کاغذ پر لکھیں اور لکھنے کے دوران زہرہ کا بخور روشن کریں اس کے بعد اس کاغذ کو تعویذ بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ دشمن مسخر ہو جائے گا۔

# ہلاکی دشمن

یہ عمل صرف اس دشمن کے لئے جائز ہے جو مشرک ہونے کے ساتھ ساتھ حد سے زیادہ ظالم ہو اور اس کے ظلم وستم سے دوسرے اللہ کے بندے بھی حد سے زیادہ پریشان اور فریادی ہوں۔ عمل یہ ہے۔ کسی مردے کی کھوپڑی لیں اور اس پر ۳۲۱۵ مرتبہ سرخ رنگ سے خ لکھیں اور اس رنگ میں سرخ مرچ بھی ملا لیں۔ یہ کسی ایسی ویران مسجد میں بیٹھ کر لکھیں جس میں پانچوں وقت کی نماز نہ ہوتی ہو۔ بوقت طلوع آفتاب لکھنا شروع کریں اور لکھتے وقت اپنا رُخ مشرق کی طرف رکھیں۔ دورانِ لکھائی سُرخ مرچ اور ہینگ کی دھونی دیں۔ اس کھوپڑی پر ظالم کا نام اور اس کی والدہ کا بھی نام لکھ دیں۔ اس کے بعد دشمن کے نام اور اس کی ماں کے مجموعی اعداد کے برابر ''یاخابحق میکائیل'' پڑھیں اس کے بعد اس کھوپڑی کو دشمن کے گھر یا قبرستان میں دفن کر دیں۔ ناحق نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں۔

# غائب کے حالات معلوم کرنا

اگر کوئی چاہے کہ کسی غائب شدہ کے حالات کی اطلاع خواب میں ہو جائے تو اس کے لئے کسی بلندی پر جا کر وضو کرے تو دو رکعت نماز پڑھے۔ اس کے بعد ستر مرتبہ حرف خا کا ورد کرے اور غائب کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس وقت ایک کاغذ پر لکھ لے۔ رات کو سوتے وقت اس کاغذ کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے۔ ان شاء اللہ خواب میں غائب کے حالات منکشف ہو جائیں گے۔

# گمشدہ واپس آئے

بعض عاملین نے لکھا ہے کہ کاغذ پر ۶۰ مرتبہ خ لکھ کر نیچے گم شدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھنا چاہیئے، تب مقصد پورا ہوتا ہے اور یہ عمل قمر کی ساعت میں کرنا چاہیئے اور گمشدہ کے گھر میں دفن کریں۔

# باغ آفات سے محفوظ رہے

اگر ۱۲ ٹھیکریوں پر حرف ''خ'' ایک ایک مرتبہ لکھ کر باغ کے مختلف حصوں میں یہ ٹھیکریاں دفن کر دیں تو بفضلِ ربّ العالمین باغ تمام آفاتِ سماوی سے محفوظ رہے گا۔

# آسانی ولادت کے لئے

اگر بلوری رنگ کے نگینہ پر حرف ''خ'' کندہ کرا کر رکھ لیں اور ولادت کے وقت اگر یہ نگینہ عورت کے بائیں ہاتھ میں پکڑا دیں تو فوراً وضع حمل ہو۔ حرف ''خ''

کندہ کرنے کے بعد ''یَا خَالِقُ یَا خَبِیرُ'' ۱۵۴۳ مرتبہ پڑھکر نگینہ پر دم کر دیں۔

## گھر آفات سے محفوظ رہے

حرف ''خ'' کو اگر کسی کاغذ پر اس طرح چھ سو مرتبہ لکھیں کہ ایک سطر میں سو (۱۰۰) مرتبہ لکھا جائے اور چھ (۶) سطروں میں چھ (۶) سو مرتبہ لکھ دیا جائے اور اس کاغذ کو کسی مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اپنے گھر کے صحن میں دبا دیا جائے تو گھر تمام آفات وبلیّات سے محفوظ رہے۔ ہانڈی کے چاروں طرف اگر ۱۵ مرتبہ یَا خَالِقُ یَا خَبِیرُ'' لکھ دیا جائے تو اور بھی مؤثر ہوگا۔

## جنون وخفقان کا علاج

جن لوگوں کو جنون، خفقان یا اختلاج کی شکایت ہو تو منزل سعود میں یہ طلسمی مربع زعفران سے سفید کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔ ان شاء اللہ سات دن میں مرض جاتا رہے گا۔ کسر 3 کی وجہ سے خانہ 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

| ۱۵۰ | ۱۵۳ | ۱۵۶ | ۱۴۲ |
|---|---|---|---|
| ۱۵۵ | ۱۴۳ | ۱۴۹ | ۱۵۴ |
| ۱۴۴ | ۱۵۸ | ۱۵۱ | ۱۴۸ |
| ۱۵۲ | ۱۴۷ | ۱۴۵ | ۱۵۷ |

اللھم انی اسئلک یا خلاق یا خالق یا خافض یا خبیر خ خ خ خخ خ یا خفی اللطف انک علی کل شئ قدی

# مشکلات سے نجات

اس مقصد کے لئے حرف ''خ'' کے عدد رقمی **600** ' عدد لفظی **601** اور عدد عددی **921** کے مجموعہ **2122** سے ترتیب دیئے جانے والے اس نقش کو منزل سعود میں ساعت عطارد میں لکھ کر پاس رکھنے سے ہر مشکل دور ہو جائے گی اور ہر کام آسان ہو جائے گا۔ کسر ایک کی وجہ سے خانہ **7** میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش بادی چال سے ہے۔

۷۸۶

| ۷۰۴ | ۷۱۰ | ۷۰۸ |
|---|---|---|
| ۷۱۲ | ۷۰۷ | ۷۰۳ |
| ۷۰۶ | ۷۰۵ | ۷۱۱ |

# غائب کی واپسی

اس مقصد کے لئے درج ذیل مربع لکھ کر ہوا میں لٹکا دینے سے غائب سات دن کے اندر اندر واپس آجاتا ہے۔ یہ عمل عطارد کی سعد میں بنفشہ کا بخور جلاتے ہوئے ہوسکے گا۔ بدھ کا دن ہو تو اور بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

| ۵۳۲ | ۵۳۷ | ۵۲۶ | ۵۲۷ |
|---|---|---|---|
| ۵۳۰ | ۵۲۳ | ۵۳۶ | ۵۳۳ |
| ۵۳۵ | ۵۳۴ | ۵۲۹ | ۵۲۴ |
| ۵۲۵ | ۵۲۸ | ۵۲۸ | ۵۳۸ |

# تسخیر دشمن

اس مقصد کے لئے جب شمس برج عقرب کے 9 درجہ 40 دقیقہ پر ہو تو 60 مرتبہ حرف خ اس طرح لکھیں اور گلے میں ڈالیں تو دشمن مسخر ہو جائے گا۔

خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ
خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ
خ خ خ خ مسخر قلبی فلاں بن فلاں بحق یا میکائیل یا خالق

# بندش کاروبار

اگر کسی ظالم کو وقتی طور پر سزا دینی ہو اور کاروبار باندھنا ہو یا کسی شخص کا کاروبار ناجائز ہو جس سے معاشرے میں برائی پھیلتی ہو تو سیسہ کی تختی پر یہ طلسم لکھ کر نیچے اس شخص کا نام مع والدہ یا والد لکھ کر قبرستان میں دبا دیں۔ تو اس کا چلتا ہوا ناجائز کاروبار بند ہو جائے گا۔ آزمائش شرط ہے۔ طلسم یہ ہے۔

اجب بحق هوطيال عيوط الاوكس

الوحا العجل الساعة

خ خ خ خ خ خ

خ خ
خ
خ
ج ج ج ج

خ خ خ خ خ خ

نام دشمن مع والدہ

# حرف خ کے مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں بیٹھ کر **601** مرتبہ دعوت اور **601** مرتبہ اضمار پڑھیں تو گلابی رنگ کی روشنی میں مؤکل ظاہر ہوگا اور آپ کے تمام احکامات کی تکمیل کرے گا۔ عمل جمالی شرائط کے مطابق منزل سعود میں کرنا لازمی ہے۔ اجازت لے لیں تو بہتر ہے۔

(دعوت) **اجب یا میکائیل یا خائیل بحق خا یا خا . یا میکائیل یا خائیل بحق یا خالق یا خلاق یا خبیر یا خرقیائیل بحق یا خافض۔**

(اضمار) **اجب بحق ھوطیال عیوط الاوکس و کس ححج خفج یاہ یموہ الوحا العجل الساعتہ۔**

# اہل خانہ میں عداوت پیدا ہو

حکیم طمطم ہندی تحریر فرماتے ہیں کہ نیل اور سرکہ کی روشنائی سے مندرجہ ذیل حروف کا طلسم تحریر کر کے جس گھر میں ڈال دیا جائے دو ماہ تک اس گھر کے افراد میں عداوت رہے گی۔ طلسم یہ ہے۔

| ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ خ خ خ خ خ خ خ خ خ IIIIIIIII |
|---|

# غائب کی خبر معلوم کرنا

شیخ شہاب الدین سہروردی تحریر فرماتے ہیں کہ بعض عاملین یہ دائرہ مستدیر بناتے ہیں۔ درمیان دس ھ ہندی تحریر ہیں۔ اگر کوئی غائب کی خبر چاہے۔ ہر

شب بعد نماز عشاء چو بارہ پر جا کر ستر مرتبہ حرف خ اپنی زبان جاری کرے، جس طرف غائب گیا ہو۔ اس جانب دم کرے اور بقول ثانی سات سو مرتبہ پڑھے۔ اگر یہ نہ جانے کہ کس طرف گیا ہے۔ ستر مرتبہ تحریر کر کے اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو رہے یا سات سو مرتبہ حرف خا کو تحریر کر کے سر کے نیچے رکھے خبر دار ہوگا۔

## عزیز خلائق

اگر حرف خ شب چہار شنبہ نیم شب کو ساتھ مشک و زعفران کے تحریر کر کے ۳۵ عدد اپنے پاس رکھے۔ دلوں میں عزیز خلائق ہو اور بروقت تحریر اسم یا حنان یا منان بھی پڑھے۔

# حرف ذال کے اعمال

## منسوبات

حرف ذال ابجد قمری کا پچیسواں حرف ہے۔ منزل قمر اجنیہ سے منسوب ہے بلحاظ صفت ظلمانی اور جلالی ہے۔ مزاج کے لحاظ سے گرم ہے۔ اس کا دن پیر ہے بخور میں ریحان، سونیا اور کافور استعمال کریں۔ یہ حرف ناری ہے۔ اور حرارت اور یبوست کے آخری مرتبہ پر ہے۔

## طریقہ زکات

سب سے پہلے اس کا چلہ بطریق معروف پورا کریں۔ یعنی ۲۸ روز تک ۴۴۴۴ مرتبہ اجب یا اہرائیل بجق یا ذال کا خلوت اور ہمہ پرہیز جسمانی سے کریں۔ ذال کی روحانیت حاصل ہو جائے گی۔

## دشمن کی عقل زائل ہو

اگر کسی شخص کی شکل منزل اجنیہ میں بنا کر سر پر یہ حرف تحریر کریں اور اس کے گھر میں دفن کر دیں تو اس کی عقل زائل ہو جائے گی اور وہ مثل دیوانوں کے ہو جائے گا۔

## بلغم ختم ہو

اگر سات مرتبہ کسی برتن پر لکھ کر شہد سے دھو کر پی لیں تو بلغم کو ختم کرتا ہے۔

# مطلوب حاضر ہو

اگر کسی کے بلانے کا ارادہ ہو تو منزل اجنیہ میں سفید کپڑے پر اس حروف کا نقش بنائیں۔ اس کے نیچے اس کا نام معہ والدہ کے لکھیں اور بتی بنا کر کورے چراغ میں خانہ تنہائی میں جلائیں۔ بخور ہمراہ ہوں۔ ساتھ حرف اجب یااھرائیل بحق یا ذال پڑھتے رہیں۔ مطلوب جہاں ہوگا طالب کے پاس حاضر ہو جائے گا۔

# سردی ختم ہو

اس حرف میں سردی کھینچ لینے کی بڑی تاثیر ہے۔ جس شخص کو سردی لگ جائے۔ چینی کے برتن میں چھ مرتبہ لکھ کر شہد سے دھو کر پلاؤ۔ غم وغصہ پیاس کیلئے بھی یہ ترکیب ہے۔ شفا ہوگی۔

# قوت اور طاقت کے لئے

اس حرف کا بسط کر کے یعنی ذال ال ف ل ام کے اعدا نکال کر اس میں اپنے نام معہ والدہ کے عدد جمع کر کے ایک نقش ۹ خانہ کا سوموار کے دن ساعت مریخ میں ایک ایک عدد ان اسماء سے لکھیں۔ قادِرُ ،متقدِرُ ،قویٌ ،قائمٌ، اور اس تختی کو منزل اجنیہ میں بازو پر باندھ لیں۔ جسمانی قوت بے حد پیدا ہوگی۔ کوئی شخص آپ کا مقابلہ نہ کر سکے گا۔

# حرف ذال کا نقش

حرف ذال کا نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے عدد (۷۰۰) ہیں۔ لفظی عدد یعنی ذال کے عدد (۷۳۱) ہیں۔ عددی (۵۹۳) ہیں۔ ان کو جمع کیا تو (۴۰۲۴) ہوئے۔ اس کے نقش کی چال یہ ہوگی۔

| ۴ | ۹ | ۲ |
|---|---|---|
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

# ویرانی خانہ ظالم سرگردانی فاسق

صاحبِ مشارق الانوار تحریر فرماتے ہیں کہ اعمال بغض و مفارقت، تفریق ظلم و فسق میں عظیم تاثیر رکھتا ہے۔ اس حرف کو سات سو مرتبہ تحریر کریں اور ساتھ المذل بھی تحریر کریں۔ کسی منحوس ساعت میں ظالم فاسق کے گھر میں دفن کریں تو وہ گھر بہت جلد ویران ہو جائے اور اُس گھر میں رہنے والا ظالم و فاسق سرگرداں ہو جائے۔ اگر اس حرف کو کسی طرف چینی پر سات سو مرتبہ لکھیں اور اس کنوئیں سے کہ صاحب و مالک اس کا معلوم نہ ہو یا چاہ معطل سے پانی لے کر دھوئیں اور فاسق و ظالم کے گھر میں چھڑک دیں تو بھی مندرجہ بالا خاصیت ظاہر ہوگی۔ اگر دونوں اعمال کریں تو اثر قوی تر ہو جائے گا۔

# برائے محبوب القلوب

شیخ نجیب الدین سکا کی ''جواہر الحروف'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ اگر اس حرف کو سات سو مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر یا روٹی پر دَم کریں اور کتوں کو کھلا دیں مگر پڑھتے وقت مطلوب کا نام اور مقصد کا اظہار بھی کریں تو وہ شخص محبوب القلوب ہو جائے گا اور اس کا دل طالب کی طرف مائل رہے گا۔

# دشمن مغلوب ہوں

اگر کوئی ستر (۷۰) مرتبہ حرف ذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوق کی نظروں میں محبوب ہو جائے اور اللہ کے فضل و کرم سے دشمن مغلوب ہو جائیں۔

# قرض سے نجات

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن بعد نمازِ فجر ایک ہزار مرتبہ حرف ذال کا ورد کرے تو ایک سال کے اندر اندر صاحبِ مال بن جائے اور قرضوں سے نجات ملے۔

# زوال نہ آئے

اگر کوئی مالدار آدمی اس حرف کا ورد روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ کرے تو اس کی دولت کو زوال نصیب نہ ہو۔

# مرض دمہ کا علاج

سردی سے اگر مرض دمہ کی شکایت ہو تو کاغذ پر زعفران سے **81** مرتبہ حرف ''ذ'' لکھ کر ساتھ میں اسم الٰہی **یا ذالفضل العظیم بحق انک علی کل شئ قدیر** لکھ کر سات دن پینے سے مرض ختم ہو جائے گا۔ اس عمل کو منزل اجنیہ میں ساعت قمر میں کریں۔

# جسمانی قوت

اگر کوئی جسمانی لحاظ سے کمزور ہو یا قوت کی کمی محسوس کرتا ہو تو پیر کے دن ساعت مریخ میں یہ طلسم لکھ کر بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔ نہایت سریع الاثر ہے۔

| ذال الف لام ذ ذ ذ ذ ذ ذ **قادر مقتدر قوی قائم قدیر قدیم قهار** |
|---|
| **قیوم قابض قاهر قابل قدوس قریب انک علی کل شئ قدیر** |

# تسخیر مطلوب یا محبوب

اس مقصد کے لئے منزل اجنیہ میں ساعت قمر میں حرف ''ذ'' کے عدد رقمی **700**' عدد لفظی **731** اور عدد عددی **593** کے مجموعہ **2024** سے ترتیب دیئے جانے والے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر وزن کے نیچے دبا دیں تو مطلوب یا محبوب مسخر ہو جائے گا۔ کسر **2** کی وجہ سے خانہ **4** میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶۷۴ | ۶۷۹ | ۶۷۱ |
| ۶۷۲ | ۶۷۵ | ۶۷۷ |
| ۶۷۸ | ۶۷۰ | ۶۷۶ |

## تسخیر خلق

اس مقصد کے لئے منزل اجنیہ میں پیر کے دن پہلی ساعت میں یہ طلسم لکھ کر بازو پر باندھ لیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ

ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذیا قدیر یا قریب یخفع خالق عالم

## دولت وثروت

اگر کسی کو دولت ثروت حاصل کرنے کی تمنا ہو تو منزل اجنیہ میں یہ عمل **5476** مرتبہ پڑھ لے۔ ان شاء اللہ کچھ دنوں بعد دولت وثروت قدم چومے گی۔ عمل یہ ہے۔ اَجِبْ یا اہرائیل بحق یاذال

## اولاد کی تمنا

اگر کوئی عورت اولاد کی تمنا رکھتی ہو تو چاہئے کہ ایام سے فراغت کے بعد منزل اجنیہ میں **40** مرتبہ حرف ''ذ'' اور کلمات لکھ کر رکھ لے اور مصری کے شربت میں گھول کر تین روز پی لیں اور پھر اپنے زوج سے ملے۔ ان شاء اللہ تمنا پوری ہوگی اور

جلد ہی گود ہری ہو جائے گی۔

| ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ |
|---|
| ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ **ولا حول ولا قوة الا بالله** |
| **العلى العظيم استقرار حمل** |

# حفاظت از اسقاط

اگر کسی عورت کو اسقاط حمل کی شکایت رہتی ہو تو چاہئے کہ اس نقش کو دو جگہ کاغذ پر لکھے۔ ایک گلے میں ڈالے اور ایک پانی میں شہد گھول کر پی لے۔ ان شاء اللہ آئندہ اسقاط نہ ہوگا۔ یہ عمل اس وقت کرنا ہوگا جب عورت حاملہ ہوگی۔ منزل اجنیہ میں ساعت قمری نقش لکھنا افضل ہے۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 9 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| ۵۰۲ | ۵۰۱ | ۵۱۳ | ۵۰۸ |
|---|---|---|---|
| ۵۱۴ | ۵۰۷ | ۵۰۳ | ۵۰۰ |
| ۴۹۹ | ۵۰۴ | ۵۱۰ | ۵۱۱ |
| ۵۰۹ | ۵۱۲ | ۴۰۸ | ۵۰۵ |

## دفع غصہ

اگر کسی شخص کو بہت غصہ آتا ہو تو یہ نقش لکھ کر پاس رکھے۔ اس کا غصہ ختم ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ نقش کا منزل اجنبیہ میں ہی لکھنا اثر دکھائے گا۔

| ذ ذ ذ ذ ذ | ذ ذ ذ ذ ذ | ذ ذ ذ ذ ذ |
|---|---|---|
| ذ ذ ذ ذ ذ | فلاں بن فلاں | ذ ذ ذ ذ ذ |

## حرف ''ذ'' کے مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں بیٹھ کر **731** مرتبہ دعوت اور **731** مرتبہ اضمار پڑھیں تو مؤکل مثل آفتاب سنہرے رنگ کی روشنی کی شکل میں نظر آئے گا اور مختلف امور میں بہترین مشورے دے گا۔ عمل جلالی ہے۔ اس لئے شرائط جلالی کو ملحوظ رکھیں اور بلا اجازت نہ کریں۔

(دعوت) **یا اھراطیل یا ذائیل بحق ذال یا ذال۔ یا اھراطیل یا ذائیل یا ذوالجلال والاکرام۔ یا اھرائیل بحق یا ذوالعرش۔**

(اضمار) **اللھم سخرلی خادم ھذا الحرف بحق ھذہ الاسما ھوھی اھیا ہ یموہ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔**

## ظالم دشمن پر مرض مسلط کرنا

حکیم طمطم ہندی اپنے مجربات میں تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی ظالم دشمن کو بیمار کرنا چاہیں تو پوست حمار پر اس ظالم وفاجر دشمن کی تصویر سرکہ اور نیل کی روشنائی سے

# حرف ''ض'' کے اعمال

## منسوبات

حرف ''ض'' ابجد کا ۲۶ واں حرف ہے۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک حرف ض خاکی ہے جو حروف خاک اس کے ہم مزاج ہیں۔ حروف آبی سے تقویت پاتے ہیں اور حروف باد اس کے دشمن ہیں۔ ناطق ہے اور خشک مزاج۔ اعداد قمری ۸۰۰ ہیں شمسی اعداد ۹ ہیں یعنی نواں حرف ہے عربی ۱۰۶۸ منازلی ۸۹ ہیں میزان ۱۹۶۶ حروف تنزلی میں درجہ ششم پر ہے۔ مائل اوتاد کا نواں حرف ہے جو مستقبل پر بحث کرتا ہے۔ طبائع میں درجہ دوم پر بادی ہے اور بعض کے رابعہ خاک کا ہے۔ یہ حرف مفارقت اور دشمنی پر بتمام وکمال اثر انداز ہوتا ہے۔ مزاج بادی اور موکل عطکائیل منزلِ قمر مقدم ۔ بلحاظ صفت ظلمانی اور مشترک ہے۔ مزاج کے لحاظ سے ناطق اور خشک ہے۔ دن اس کا پیر ہے۔ بخور میں کافور اور گل ارغوانی استعمال کریں۔

## طریقہ زکات

اگر اس حرف کی زکات ادا کرنا چاہیں تو جب چاند منزل مقدم میں داخل ہو تب تو ادا کریں۔ ایک منزل وقت کم وبیش ۲۴ گھنٹے رہتا ہے۔ زکات کے لئے یوں پڑھیں۔ **اُجِبْ یا عطکائیل بحق یا ضاد** اس منزل کے اندر اندر ۴۴۴۴ مرتبہ اسے پڑھ لیں گے تو حرف کی زکات اصغر ادا ہو جائے گی۔ الگ جگہ تنہائی میں اس کی زکات ادا کریں۔ اب عامل کو اختیار ہوگا کہ وہ حرف ض کے عملیات سے کام لے

سکے۔اس کا بخور گلنار، زعفران، لوبان تر ہے۔ بوقت ضرورت اور بوقت زکات اسے جلانا چاہیئے۔

## عداوت کا عمل

جب برج دلو کے ۱۳ درجے طلوع ہوں تو ۲۱ حرف ضاد کاغذ پر لکھیں اور ہوا میں لٹکائے۔ پوست پیاز کا بخور دے تو دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو جائے گی۔ لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان دو شخصوں کے نام معہ والدہ علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں اور ہر حرف کے درمیان ض لکھیں۔

## مہلک امراض کا علاج

اگر ۹۰ ض کاسئہ چینی پر لکھ کر شہد خالص سے دھو کر مریض کو پلائے جائیں تو مہلک سے مہلک مرض سے صحت کلی حاصل ہو۔

## عہدہ سے معزولی

جو شخص اس حرف کو آٹھ سو مرتبہ بکری کی کھال پر لکھے اور رات کو کسی گھر میں دفن کر دے وہ گھر منہدم ہو جائے اور اس کے رہنے والے متفرق و پریشان ہو جائیں اور اگر اس کا مالک کوئی بڑا منصب رکھتا ہو تو وہ معزول ہو جائے۔

## ہلاکی دشمن

اگر کسی کو ہلاک کرنا مقصود ہو تو اس کے نام معہ والدہ کو اس حرف میں امتزاج دے کر شیشہ گر کی بھٹی کے نزدیک اس طرح دفن کرے کہ بھٹی کی گرمی اس کو پہنچتی

رہے تو اس شخص کے جسم پر پھنسیاں پیدا ہوں گی اور وہ اس سے ہلاک ہو جائے گا۔ نا حق نہ کرے ورنہ وہ بھی سزا سے نہ بچے گا۔

## بچہ نہ ڈرے

اگر کوئی اس حرف کے اعداد آٹھ سو کو نقش مربع میں پُر کر کے تیندوے کی کھال پر لکھے اور بچے کے گلے میں ڈالے تو بچہ کبھی نہ گھبرائے گا۔ نہ ڈرے گا۔

## بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کوئی شخص پندرہ ض ہندی شنگرف اور صمغ احمر کے ساتھ شیشہ کے برتن میں لکھے اور یہ تعویذ دائرہ میں ہو اور مرکز دائرہ میں اس شخص کا نام لکھے جو بھاگ گیا ہو تو بہت جلد وہ شخص حاضر ہو گا۔

## حرف ض کا راز

اس حرف کی تاثیر سے کیڑے مکوڑے مچھر پسوا کٹھے کئے جا سکتے ہیں یا کسی کے مکان کو کسی کے گھر میں کپڑوں کو آگ لگانی ہو تو اس حرف کی تاثیر کام کرتی ہے۔ لیکن ایسے اعمال احتیاط کے تقاضے سے نہیں دیئے جا رہے۔ کیونکہ یہ بھی سزا میں داخل ہیں اور ان سے فساد کا زیادہ اندیشہ ہے۔

## لاعلاج امراض کا علاج

۶۵ عدد برگ ترنج پر زعفران و گلاب سے ہر ایک پر ۶۵ مرتبہ ض لکھیں اور خشک کریں پھر پیس کر رکھیں۔ اگر کسی مریض کو نیم مثقال مصطگی کے ساتھ جوش دے کر

تین دن تک پلائیں تو سخت سے سخت مرض دور ہو۔

## شفاءالامراض

اگر نوے ض کسی چیز پر لکھ کر دیوانے کو کھلائیں تو وہ عاقل ہو اور اگر اسی قدر عدد کے مطابق پڑھ کر دم کریں تو اور بھی بہتر ہو۔ اگر اس قدر لکھ کر ضعف دل کے مریض کو کھلائیں تو اسے نفع ہو۔

## روشن ضمیری اور ہر دل عزیزی

اگر ایک سو نوے بار لکھ کر دھو کر پیئے تو دل روشن ہو۔ اگر اتنا ہی لکھ کر خود رکھیں تو ہر دل عزیز ہو۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ ہر حرف لکھتے وقت زبان سے یا عَلیُّ یا قدوسُ پڑھتے جائیں۔

## بری عادت ختم کرنا

ہر حرف اپنا اثر اپنے دامن میں چھپائے ہوئے ہے۔ جو محنت کرے گا اس سے وہ محروم نہ ہوگا۔ زمانہ نازک ہے اس زمانے میں نیک اور صالحین کی صحبت عنقا ہے۔ بُروں کی صحبتیں عام ہیں اور تماشا یہ ہے بُری صحبت بہت جلد اثر کرتی ہے اور نیک صحبت بہت دیر میں بعض والدین کا بچہ بُری صحبت میں گرفتار ہے۔ سینما کا شوق ہے کوئی شراب پیتا ہے۔ کوئی جوئے میں گرفتار ہے۔ کسی کو چوری کی عادت ہے۔ غرض کہ کسی نہ کسی علت میں گرفتار ہے۔ ماں باپ پریشانی میں اولاد نافرمان ہے۔ اس قسم کی شکایات اکثر میرے پاس بھی آتی ہیں۔ اس زمانے میں کسی بچہ کا نیک اور

صالح ہونا مشکل ہی ہو گیا ہے۔ جن کی اولاد نا فرمان اور کسی بُری عادت میں گرفتار رہے۔ اس کی اصلاح کے واسطے یہ عمل لکھتا ہوں۔ خدا چاہے تو اس عمل سے وہ نیک اور صالح ہو جائے گا۔ اس کی بُری عادتیں چھوٹ جائیں گی۔ عمل یہ ہے یَا طَاہِرُ بحق وَالضاد۔ یہ حرف ابجد کا چھبیسواں حرف ہے یعنی ضظغ کا پہلا حرف جس کی اولاد نا فرمان ہو تو یہ عمل روزانہ بعد نماز صبح آٹھ سو (۸۰۰) مرتبہ پڑھا کریں۔ اکیس دن کا عمل ہے خدا چاہے تو وہ بُری عادتیں چھوڑ دے گا۔ عمل ختم کرنے کے بعد اس کی طرف تصور سے پھونک دیا کریں اور دعا کیا کریں کہ الٰہی اپنے پاک نام کے صدقے میں اسے نیک بنا دے۔

## مرگی کا علاج

اگر اس حرف کو آٹھ سو مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر پھونک دیں اور یہ کھانا کسی مرگی یا دل والے مریض کو کھلا دیں تو اللہ کے فضل سے وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ہر طرح کے دردوں میں یہ عمل مفید ثابت ہوتا ہے اور مریض کو دردوں سے نجات مل جاتی ہے۔ لیکن خاص طور سے مرگی میں یہ عمل زیادہ کارگر ثابت ہوتا ہے۔

## عمل عداوت

عداوت کے لئے جب آفتاب برج دلو کے ۱۳ اوے درجے میں ہو تو ۲۱ مرتبہ حرف ضاد کاغذ پر لکھ کر ہوا میں لٹکا دیں۔ متعلقہ افراد کے نام مع والدہ کے لکھیں اور لکھنے کے درمیان پیاز کی دھونی دیں۔ ان شاء اللہ دونوں کے درمیان جدائی واقع ہو گی۔ لیکن یہ یاد رہے کہ اس طرح کے عملیات صرف ناجائز تعلقات کو ختم کرانے کے

لئے کرنے چاہئیں ۔خواہ مخواہ کسی کا گھر برباد کرنا یا دو دلوں میں دیواریں کھڑی کرنا حرام ہے۔

## شفا کا عمل

اگر حرف ضاد ۹۰ مرتبہ لکھ کر چینی کی پلیٹ پر خالص شہد سے دھو کر مریض کو پلائیں تو وہ مرض کیسا بھی ہوگا۔ان شاءاللہ اس سے نجات مل جائے گی۔

## پاگل پن کے لئے

اگر حرف ضاد آٹھ سو مرتبہ کسی بھی کھانے کی چیز پر دم کر کے کسی پاگل کو ۸ دن تک کھلائیں تو اس کا پاگل پن دور ہوگا۔

## شفاءالامراض

حرف ضاد کا نقش ہر طرح کی بیماری میں ذریعہ شفا بنتا ہے اس کو زرد کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۹ | ۲۰۳ | ۲۰۶ | ۱۹۲ |
| ۲۰۵ | ۱۹۳ | ۱۹۸ | ۲۰۴ |
| ۱۹۴ | ۲۰۸ | ۲۰۱ | ۱۹۷ |
| ۲۰۲ | ۱۹۶ | ۱۹۵ | ۲۰۷ |

# بلاؤں اور نحوستوں کو ختم کرنا

اگر چار کاغذ کے ٹکڑوں پر حرف ضاد دوسو مرتبہ لکھ کر یعنی ایک کاغذ پر دوسو مرتبہ، ۴ کاغذ کے ٹکڑوں پر ۸۰۰ مرتبہ ہو جائے گا لکھ کر فتیلہ بنا کر تلوں کے تیل میں گھر کے چاروں گوشوں میں چراغ جلائیں۔ ان شاء اللہ اس گھر میں کیسے بھی اثرات ہوں گے دفع ہو جائیں گے اور کیسی بھی نحوست ہوگی وہ ختم ہو جائے گی۔ اگر ایک مرتبہ کے عمل سے بات نہ بنے تو اس عمل کو دو تین مرتبہ دوہرائیں۔ ان شاء اللہ فائدہ محسوس کریں گے اور گھر کی بلائیں اور نحوستیں ختم ہو جائیں گی۔

# بندش دوکان ختم کرنا

اگر حرف ضاد کا نقش مندرجہ ذیل انداز سے بنا کر اُس دُکان میں لٹکا دیں جس کی بندش کا شبہ ہو تو اللہ کے فضل و کرم سے بندش ختم ہو جائے۔ نقش اس طرح بنائیں۔

ض ض ض ض ض ض ض

| ض ض ض ض | مشکل آسان شود<br>بحق یا ضارُ | ض ض ض ض |
|---|---|---|

ض ض ض ض ض ض ض

# دافع آسیب

دفع آسیب کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گھر میں لٹکائیں۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں تاثیر ظاہر ہوگی اور آسیبی اثرات سے نجات مل جائیگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بحق جبرائیل

بحق اسرافیل | ض ض ض ض<br>ض ض ض ض<br>ض ض ض ض | ض | ض ض ض ض<br>ض ض ض ض<br>ض ض ض ض | بحق عزرائیل

بحق میکائیل

# گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی بچہ گم ہوگیا ہو تو منزل قمر مقدم میں یہ طلسمی نقش لکھ کر درمیان میں بچے کا نام مع والدہ لکھ کر کہیں ہلکے وزن کے نیچے رکھ دیں تو بچہ **24** گھنٹے کے اندر اندر واپس آجائے گا۔ نقش کو شیشہ پر لکھنا بہتر ہوگا۔

ض ض ض

ض ض ض ض

ض

نام معہ والدہ

# حاکم کی معزولی

جس کو معزول کروانا ہو اس کا نام مع عہدہ لکھ کر حرف ''ض'' سے امتزاج دیں پھر 4-4 حرف سے طلسمی حرف بنا کر منزل مقدم میں بکری کی کھال پر لکھ کر زمین میں دفن کر دیں۔ وہ ظالم حاکم معزول ہو جائے گا۔

# عزت اور دبدبہ

اگر کسی کو عزت و دبدبہ کی تمنا ہو تو منزل مقدم میں سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر یہ طلسم لکھ کر پاس رکھیں۔

| ض ض ض ض ض ض ض اجب یا ضائیل بحق حطیع سع ستع علطاستع لج یمودہ یاہ نما یوش و سلام علی المرسلین والحمدللہ رب العالمین |
|---|

# آسیب کا علاج

اگر کسی پر آسیب ہو اور اس کو بھگانا ہو تو یہ طلسم لکھ کر اس کے گلے میں لٹکا دیں۔ اسے منزل مقدم میں نیلے کاغذ پر ساعت مریخ میں لکھیں۔

ض ض ض ض

حمٓ

ض ض ض ض

# جدائی ڈلوانا

اگر دو اشخاص میں جدائی ڈلوانا ہو تو یہ طلسم لکھ کر ہوا میں لٹکا دیں۔ طلسم لکھتے وقت پیاز کا چھلکا جلانا ضروری ہے۔ عمل منزل مقدم میں کریں۔ ساعت زحل نحس کا انتخاب کریں۔

| ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض |
|---|
| جدائی بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں |

# مرض سے شفا

منزل مقدم میں جب سیارہ مشتری کی سعد ساعت چل رہی ہو تو یہ طلسم زعفران سے لکھ کر عرق گلاب میں حل کر کے شہد میں ملا کر مریض کو پلا دیں۔ کتنا ہی مہلک مرض کیوں نہ ہو مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

| ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض |
|---|
| ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض |
| ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض |
| ض ض ض ض ض ض ض ض بشفائک فلاں بن فلاں بحق سلام قولا من رب رحیم |

# حب و تسخیر

اس مقصد کے لئے حرف ض کے عدد رقمی **800** ' عدد لفظی **805** اور عدد عددی **1062** کے مجموعہ **2667** سے ترتیب دیئے جانے والے اس نقش کو لکھ کر

پانی کے کنارے دبادیں اور قدرت کا کرشمہ ملاحظہ کریں۔

۷۸۶

| (۲)۸۹۰ | (۷)۸۹۱ | (۲)۸۸۶ |
|---|---|---|
| (۱)۸۸۵ | (۵)۸۸۹ | (۹)۸۹۳ |
| (۸)۸۹۲ | (۳)۸۸۷ | (۳)۸۸۸ |

# مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں بیٹھ کر **805** مرتبہ دعوت اور **805** مرتبہ اضمار پڑھیں تو مؤکل مثل آفتاب بنفشی رنگ کی روشنی میں ظاہر ہوگا اور مختلف امور میں مشورے دے گا۔ مؤکل کی تسخیر کے لئے اجازت ضرور لے لیں۔

(دعوت) **یا عطکائیل یا ضائیل یا ضاد یا ضاد۔ یا عطکائیل یا ضائیل بحق یا ضاد۔ یا حبائیل بحق یا شاهد۔**

(اضمار) **اُجِبْ یا ضَائِیلَ بِحق حَطیع سَع سَتعَ عَلطَا سُتعَ لج یَمُوہ یَا نَمایُوش وَسَلام علی مُرسلین وَالحَمدُ للّٰہ اَب العَالِمین اُجِب وَافْعَل وَکَذا۔**

# زیارت رسول مقبول ﷺ

اگر ۱۱۹ مرتبہ حرف ضاد کو مشک و زعفران کے ساتھ تحریر کر کے بشب جمعہ زیر سر رکھیں اور سو جائیں زیارت رسول مقبول ﷺ سے شرف یاب ہوں اور جو اسی قدر

تحریر کر کے صبح کو دھو کر پی لیں، دل روشن ہو۔ اگر اپنے پاس رکھیں عزیز خلائق ہوں۔ اور بوقت تحریر یا علی یا قدوس تلاوت کریں۔ ہر دو عمل میں ان ہر دو اسم کی تلاوت کریں۔

## مردانہ قوت کے لئے

اس حرف ض ہندی کو اور جام زجاج شامی کے تحریر کریں اور روغن بکائن سے محو کریں اور اس روغن کو ایک قیراط مشک میں حل کریں اور پھر قضیب پر مالش کریں پانچ روز تک نعوظ قائم رہے بشرطیکہ ترشی نہ کھائیں۔

# حرف (ظ) کے اعمال

## منسوبات

حرف ظ کا مزاج آبی اور اعداد ۹۰۰ سو ہیں۔ ابجد قمری کا یہ ستائیسواں حرف ہے۔ منزل قمر مؤخر سے منسوب ہے۔ بلحاظ صفت ظلمانی اور مشترک ہے۔ مزاج کے لحاظ سے صامت اور بادی ہے۔ اس کا دن بھی پیر ہے۔ بخور میں گل نسرین اور عوداور کافور استعمال کریں۔

## ظالم کے خوف سے نجات

اگر کوئی شخص کسی ظالم سے ڈرتا ہواس حرف کو ۱۰۰ امرتبہ پڑھ کر ظالم کے گھر کی طرف رُخ کر کے پھونک مارے تو اس کے دل سے خوف و دہشت ختم ہو جائے گی۔

## عداوت کے لئے

اگر دو افراد کے درمیان عداوت کرانی ہوتو جب آفتاب بُرج دلو میں ۱۳ درجے پر ہوتو ظ کسی شیشے پر ساٹھ مرتبہ لکھ کر کسی درخت پر لٹکا دیں۔ اس شیشے پر اُن دو افراد کے نام بھی مع والدہ لکھیں۔ جلد ہی دونوں میں جدائی واقع ہو جائے گی۔ لکھتے وقت سرخ مرچ کی دھونی دیں۔

# تسخیر خلق

اگر پانچوں وقت کی نماز کے بعد ۹۰۰ مرتبہ حرف ''ظ'' پڑھا جائے تو دنیا مسخر ہو جائے۔

# دافع مرگی

اگر حرف ''ظا'' کو ۹۰۰ مرتبہ لکھ کر کسی مرگی والے کے گلے میں ڈالیں تو اللہ کے فضل وکرم سے مرگی ختم ہو جائے گی۔

# شہرت ومقبولیت کے لئے

جو شخص دنیا میں اپنی شہرت ومقبولیت چاہے وہ سفید ریشم کے کپڑے پر ہرے رنگ سے حرف ''ظ'' ۹ مرتبہ جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھے۔ عروج ماہ میں لکھے تو بہتر ہے۔ پھر اس پر ۹۰۰ حرف ''ظا'' پڑھ کر دم کر دے اور اس کپڑے کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں کے بعد زبردست شہرت ومقبولیت حاصل ہوگی۔ حرف ظا کو ریشم کے کپڑے پر اس طرح لکھیں۔

۷۸٦

| ظ | ظ | ظ |
|---|---|---|
| ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ |

# فوقیت حاصل ہو

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کا وقار ہمیشہ قائم رہے اور اپنوں اور بیگانوں میں اس کو ایک طرح کی فوقیت حاصل رہے تو اس کو چاہیئے کہ حرف ظا کا نقش مربع اتوار کے دن پہلی ساعت میں بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں کے بعد اس کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔ نقش اس طرح بنے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۱ | ۲۱۷ | ۲۲۴ | ۲۲۸ |
| ۲۲۳ | ۲۲۹ | ۲۳۰ | ۲ ۸ |
| ۲۲۶ | ۲۲۲ | ۲۱۹ | ۲۳۳ |
| ۲۲۰ | ۲۳۲ | ۲۲۷ | ۲۲۱ |

بحق ظاہر

# زہر کا تریاق

اگر کسی کو موذی جانور کاٹ لے اور اس کے زہر کا تریاق مطلوب ہو تو منزل مؤخر میں تانبے کی تختی پر یہ طلسم لکھ کر رکھ لیں اور پھر جب کوئی ایسا مریض ہو تو اسے دھو کر پلا دیں۔ فوراً فائدہ ہوگا۔

ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ

ظ ظ ظ ظ ظ ظ ق ق ق ق ق ق

# دنیامیں شہرت

اس مقصد کے لئے منزل مؤخر میں جب جمعہ کا دن ہو پہلی ساعت میں سفید ریشم پر یہ طلسم لکھیں۔ لکھتے وقت عنبر اور عود کی دھونی دیں۔ پھر اسے گلے میں ڈالیں۔ دنیامیں بے پناہ شہرت حاصل ہو جائے گی۔

| ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ق ق ق ق ق ق ق ق قل الحمد لله و سلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ |
|---|

# دشمن کودوست بنانا

اس مقصد کے لئے یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں یا دائیں بازو پر باندھ لیں تو دشمن دوست بن جائے گا۔ منزل مؤخر میں ساعت مشتری میں لکھنا زیادہ فائدہ مند ہوگا۔ ہرن کی جھلی پر مشک وزعفران وگلاب سے لکھیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| (۴)۲۹۹ | (۹)۳۰۴ | (۲)۲۹۷ |
| (۳)۲۹۸ | (۵)۳۰۰ | (۷)۳۰۲ |
| (۸)۳۰۳ | (۱)۲۹۶ | (۶)۳۰۱ |

عسی الله یجعل بینکم و بین الذین عادیتم منهم مودة واذکر وانعمته الله علیکم و میثاقه الذین واثقکم به اذقلتم سمعنا واطعنا واتقوا الله إنَّ الله علیم بذت الصدور

# آفت وبلا سے حفاظت

ہر آفت و بلا سے حفاظت کے لئے یہ طلسم لکھ کر گلے میں ڈالنا مفید ہے۔

اسے منزل مؤخر میں لکھیں۔

| ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ قاِنَّ ربی علیٰ کل شئ حفیظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ |
|---|

# عداوت

اگر دو اشخاص کے درمیان عداوت ڈلوانی ہو تو جب منزل مؤخر طلوع ہو تو شیشے کے ٹکڑے پر یہ طلسم لکھ کر لٹکا دیں۔ ناحق نہ کریں۔ لکھنے کے بعد سرخ مرچ کی دھونی ضرور دیں۔

| ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ |
|---|
| ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ عداوت بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں |

# تسخیر افسران وحکام

اس مقصد کے لئے حرف ظ کے عدد رقمی **900**' عدد لفظی **901** اور عدد عددی **991** ہیں جن کے مجموعے **2792** یہ نقش تیار ہوا ہے۔ کسر **2** کی وجہ سے خانہ **9** میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

ظ ظ　　　　۷۸۶　　　　ظ ظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۵)۶۹۴ | (۴)۶۹۳ | (۱۵)۷۰۵ | (۱۰)۷۰۰ |
| (۱۶)۷۰۶ | (۹)۶۹۹ | (۶)۶۹۵ | (۳)۶۹۲ |
| (۲)۶۹۱ | (۷)۶۹۲ | (۱۲)۷۰۲ | (۱۳)۷۰۳ |
| (۱۱)۷۰۱ | (۱۴)۴۰۴ | (۱)۶۹۰ | (۸)۶۹۷ |

ظ ظ　　　　ظ ظ

## تسخیر مؤکل

اس مؤکل کی تسخیر کے لئے اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں بیٹھ کر **901** مرتبہ دعوت اور **901** مرتبہ اضمار پڑھ لیں تو مؤکل حاضر ہو کر عہد و پیمان کرے گا اور دنیاوی کاموں میں مدد فراہم کرے گا۔ عمل جلالی ہے اس لئے بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔

(دعوت) **یا لوزائیل یا ظائیل بحق ظا یا ظا ۔یا لوزائیل یا ظائیل یا ظاهر ۔ یا طلیائیل بحق یا نور**

(اضمار) **اجب یا هجائیل بحق همطوش سعدائیل سطول سموه ظا ظ ظ۹ظ یاه یموه العجل الوحا الساعته۔**

## برائے عداوت

بقول حکیم طم طم ہندی سات برگ حنظل پر سات سات حرف (ظ) کو تحریر

کریں اور خشک کر کے باریک کریں اور کبھی طعام میں ملا کر اطعام دشمن کریں وہ دشمن مخزول اور مقہور ہو۔ اگر اس عمل کو باطل کرنا منظور ہو۔ پھر ظا ہندی جس کی شکل یہ ہے (۹۰۰) گلاب و زعفران میں حل کر کے تحریر کریں اور آب باراں سے دھو کر مریض کو پلادیں وہ صحت یاب ہو۔ میعاد دس روز کے اندر ورنہ پھر کسی عمل کے کوئی تاثیر اس کو نہ پہنچے گی۔

## برائے دوستی

دوستی کے لئے سات سو مرتبہ مشک اور زعفران کے ساتھ تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں اور بروز پنجشنبہ ایک سو تیں مرتبہ حرف ( ظ ) ثبت کر کے اپنے پاس رکھیں مشہور جہاں ہو۔ الا بوقت تحریر یہ اسما ذکر کرے۔ یا محمود یا کریم۔ روز چہار شنبہ کا تعلق مؤکل علوی میکائیل دلو طائیل اور ملک سفلی روبعہ اور یرقان نام ثوائیل بھی پر ہے۔ ذکر الظاہر اور آیت وَهُوَا مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ ۔

# حرف ''غ'' کے اعمال

## منسوبات

ابجدی قمری کا یہ اٹھائیسواں (28واں) حرف ہے۔ منزل قمر رشا سے منسوب ہے۔ بلحاظ صفت ظلمانی اور جمالی ہے۔ مزاج کے لحاظ سے ناطق اور تر ہے۔ اس کا دن بھی پیر ہے۔ بخور میں لونگ، عود اور کافور استعمال کریں۔

## رزق میں فراوانی

اگر کوئی شخص رزق کی فراوانی کا خواہاں ہو اور اچھی زندگی بسر کرنے کا آرزو مند ہو تو چاہیئے کہ منزل رشاء میں اس طلسم کو لکھ کر پاس رکھے۔

| غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ الاعباد الله المخلصين غ |
|---|
| غ اولیک لهم رزق معلوم غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ |

## علوم مخفی کا انکشاف

منزل رشاء میں یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں اور پھر قبلہ رخ بیٹھ کر **4908** مرتبہ یہ اسمائے الٰہی پڑھ لیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے علوم مخفی عطا کرتا ہے اور اسماء کے رازوں سے آگاہی ہوتی ہے۔ نقش یہ ہے۔

| غ غ غ غ غ غفور غ غ غ غ غ غنی غ غ غ غ غ غفار غ غ غ غ غ غ غافر |
|---|

اسمائے الٰہی یہ ہیں۔ **یا غفور یا غنی یا غفار یا غافر**

# زبان بندی

اگر اہل دنیا کسی شخص کے خلاف بد گوئیاں کرتے ہوں تو منزل رشاء میں جب ساعت عطارد ہوتو یہ طلسم لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں۔زبان بندی ہو جائے گی۔

| غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ صم بکم عمی فھم لا یتکلمون<br>کل مخلوق معلوم و غیر معلوم بحق فلاں بن فلاں |
|---|

# کسی کو حاضر کرنا

جب کسی کو حاضر کرنا مقصود ہوتو یہ طلسم لکھ کر وزن کے نیچے دبا دیں۔وہ حاضر ہوگا۔

غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ

اجب ایھا الملک الجلیل
سلسائیل بحق مطط
ثھقیع کک ھبوط
غنی مغنی حیٔ قیوم الوحا

غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ

# دشمن کی بربادی

جب کسی ظالم دشمن کو برباد کرنا ہوتو جب منزل رشا ہو اور برج دلو کا **9** واں درجہ طلوع ہوتو **1000** حرف غ قبرستان میں بیٹھ کر سیاہی سے لکھ کر قبرستان کی مٹی میں ملا کر اس کے گھر میں ڈال دیں۔ناحق نہ کریں ورنہ اللہ تعالیٰ فوراً پکڑے گا۔

# عروج ومرتبہ

اگر کسی عروج کے حصول کی تمنا ہوتو حرف غ کے عدد رقمی **1000** عدد لفظی **1060** اور عدد عددی **111** کے مجموعے **2171** سے ترتیب دیے جانے والے اس نقش کو منزل رشاء میں لکھ کر پاس رکھے اور پھر اللہ کی شان ملاحظہ کرے کہ وہ کس طرح عروج ومرتبہ عطا کرتا ہے۔ کسر **2** کی وجہ سے خانہ **4** میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| (۲)۷۲۰ | (۷)۷۲۶ | (۶)۷۲۵ |
| (۹)۷۲۸ | (۵)۷۲۴ | (۱)۷۲۹ |
| (۴)۷۲۳ | (۳)۷۲۱ | (۸)۷۲۷ |

واللہ غالب علیٰ امرہ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ غ

# تمنائے اولاد

اگر کوئی عورت اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور تمنائے اولاد رکھتی ہو تو منزل رشاء میں پڑھے اور روزہ رکھے اور مصری کے شربت سے افطار کرے پھر نماز مغرب سے فراغت کے بعد دو رکعت نماز حاجت اولاد پڑھے اور پڑھنے والی دُعا یہ ہے۔

**''اجب یا لو خائیل بحق غین و بحق سبحانه هو الغنی''**

اس دعا کو **140** مرتبہ پڑھیں۔ پھر دعا کریں اور پھر شوہر سے ملیں۔ ان شاءاللہ پہلے ہی عمل میں مرادوں کی کلیاں پھوٹ پڑیں گی۔

# تسخیر مؤکل

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے خلوت میں بیٹھ کر **1060** مرتبہ دعوت اور **1060** مرتبہ اضمار پڑھیں تو وہ مثل آفتاب سفید روشنی کے مانند حاضر ہو کر ہر حکم بجا لائے گا۔ عمل جمالی ہے۔ پرہیز جمالی کی ضرورت ہوگی۔ عمل کی اجازت مجھ سے ضرور لے لیں۔ عمل منزل رشاء میں ہی کرنا ہوگا۔

(دعوت) یا لوخائیل یا غائیل بحق غین یا غین . یا لوخائیل یا غائیل بحق یا غفور یا غفار یاغنی یا شرمیائیل یا خیر الغافرین

(اضمار) اجب ایھا الملک الجلیل سلسائیل بحق مطط شھقیع کک ھبوط غنی مغنی حی قیوم الوحا۔

# دشمن کا خانہ خراب ہو

اگر بُرج دلو کے ۹ درجے کے وقت نحس ساعت کے وقت ایک ہزار غ برہنہ قبرستان میں جا کر مُردے کے کفن پر لکھ کر دشمن کے گھر میں دفن کر دیں تو دشمن کا خانہ خراب ہو۔

# دشمن رسوا ہو

اگر ساعتِ نحس میں ایک ہزار غ پڑھ کر دشمن کے گھر کی طرف پھونک مار دے تو دشمن رسوا و برباد ہو۔

# دشمن کا سکون برباد ہو

اگر مٹی کی پلیٹ پر سو ۱۰۰ مرتبہ غ لکھ کر اس کو اُلٹا کر کے جس گھر میں دفن کر دیں تو اس گھر کے لوگ سکون و عافیت سے محروم ہو جائیں اور بالآخر گھر چھوڑ کر چلے جائیں۔

واضح رہے کہ اس طرح کے عملیات صرف اُس وقت کرنے چاہیں جب دشمن حد سے زیادہ فاسق و فاجر اور ظالم و جابر ہو۔ کسی کو ناحق پریشان کرنا یا برباد کرنا بہت بڑا گناہ ہے اور اس طرح کے گناہ کی سزا بھی سخت ترین ہے۔ ہم نے کتمانِ حق سے بچنے کے لئے اور عملیات کی تکمیل کے لئے اس طرح کے عملیات تحریر کر دیئے ہیں۔ لیکن ہم ''فیضان الحروف'' کے قارئین سے اس بات کی تاکید کرتے ہیں کہ وہ صرف جائز صورت میں ہی ایسے عملیات کریں اور ناجائز امور میں اس طرح کے منفی عملیات سے دور رہیں اور ہر وقت اپنے خدا کی پکڑ سے ڈریں۔

# برائے دفع دشمن

اگر کوئی شخص اس حرف کو ہر روز ہزار بار پڑھ کر دشمن کی طرف دم کرے تو دشمن جلدی نیست و نابود ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اگر برگ حنظل پر ہزار مرتبہ لکھ کر خانہ دشمن میں ڈال دیں یا دفن کریں تو دشمن گھر سے آوارہ ہو جائے گا اور بعض رسائل حضرت کاش البرنیؒ میں ہے کہ اگر کوئی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو اور چاہے کہ وہ دشمن آوارہ ہو جائے تو اس حرف کو مع مؤکل کے اسی (۸۰) مرتبہ جانب خانہ دشمن پڑھ کر پھونکے کہ وہ دشمن چندروز میں تلف ہو جائے گا اور حرف مع مؤکل کے یہ ہے۔

یا میکائیل بحق غین۔

## قوت باہ کا طوفان

جب بُرج دلو کا نہم درجہ طلوع کرے تو ایک ہزار غین منحوس ساعت اور دن میں ننگے سر قبرستان میں جا کر مُردہ کے کفن پر لکھیں اور دشمن کے گھر میں ڈال دیں یا دفن کر دیں۔ چند دنوں میں دشمن کا خانہ خراب ہو جائے گا۔ حرف غین کی تاثیر اس سلسلہ میں اٹل ہے۔ یہ حرف سرد خشک ہے۔ اس لئے قوتِ باہ اور امساک کے لئے دنیا بھر کی دوائیوں سے اعلیٰ تاثیر رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ میں ہر عورت پر قادر ہوں اور قوتِ باہ زیادہ ہو تو ایک بلور کا نگینہ صاف وشفاف لے کر اس پر برہنہ مرد کی تصویر جو کھڑا ہو اور ذکر اس کا شہوت سے کھڑا ہو۔ مرد کی نظر ذکر پر ہو اس وقت بنائے جب کہ طالع برج عقرب کا شروع ہو اور مریخ بُرج عقرب میں ہو اور قمر برج دلو یا اسد میں ہو نظر تربیع کی رکھتا ہو تو ایسی تصویر شیشے پر کندہ کرے۔ اس تصویر کے سر پر چار غین پہلوئے راست پہلوئے پشت پر چار چار غین لکھے اور پھر ایک سطر میں اسم ذکر اسم طالب اور اسم شہوت لکھ کر عدد نکالے اور ان اعداد سے حروف پیدا کر کے مؤکل بنائے اس مؤکل کو پُشت لوح پر لکھے۔ یہ نگینہ تیار ہو گا جب جماع کا ارادہ ہو تو اس نگینہ کو منہ میں رکھے۔ جب تک نگینہ منہ سے باہر نہ آئیگا۔ انزال نہ ہو گا۔ خواہ کتنی ہی عورتیں ہوں ۔ اب اس کا الٹ بھی سمجھ لیں۔ جس مرد یا عورت کی شہوت سلب کرنی ہو۔ تو طالع وقت برج ثور ہو۔ ستارہ زہرہ برج سرطان میں ہو تب ایک تصویر نگینہ بلور یا پتھر یا شیشے پر اس طرح کندہ کریں کہ مرد کا ذکر اوندھا پڑا ہو۔ آٹھ غین پہلوئے راست ۸ غین

پہلوئے چپ پر لکھیں اور اسم قطع شہوت اور طالب کے نام کے اعداد کے حروف بنا کر مؤکل بنائیں۔ اس کو نگینے کی پشت پر لکھیں اور طلسم کو جائے نمناک میں دفن کر دیں۔ وہ مرد نامرد ہو جائیگا۔

## محبت کے لئے

حکیم طم طم ہندی اپنے مجربات میں تحریر کرتے ہیں کہ اگر ہزار حرف غین روغنی کاغذ یا مہرہ زدہ کے مشک وزعفران کے ساتھ تحریر کریں اور نام طالب و مطلوب معہ والدہ کے اپنے پاس رکھیں مطلوب کو محبت عظیم پیدا ہوگی۔ بشرطیکہ اسمائے ہذا بوقت تحریر وظیفہ کریں **یا مُلِیْکُ یا مُھَیْمِنُ** اور پھر اس کو کسی طرح معشوق مطلوب کو کھلا دیں۔ اگر ایسا نہ ہو سکے کسی شرینی پر پڑھ کر کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تاثیر عظیم پیدا ہوگی۔

# حروف تہجی کی زکات

ہر حرف کی زکات باموکل دی جاتی ہے۔ مثلاً الف کا موکل اسرافیل ہے تو اس طرح پڑھتے ہیں۔ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا الف ۔اس کی زکات کے دو طریقے ہیں۔ ایک زکات اکبر، دوسرا زکاتِ اصغر، زکات اکبر کا طریقہ یہ ہے کہ ایک حرف کو ۲۸ دن تک پڑھیں۔ ہر روز چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ پڑھیں ۔اسی طرح ہر حرف کی اٹھائیس دنوں میں زکات ادا کریں۔ زکات اصغر یہ ہے کہ ہر روز ایک حرف کی زکات دیں اور ۲۸ دنوں میں ۲۸ حروف کی زکات ادا کریں روزانہ ہر حرف باموکل ۴۴۴۴ مرتبہ ہی پڑھنا ہوگا۔

ہر حرف کو اس وقت شروع کیا جاتا ہے جب قمر اس منزل میں ہو۔ مثلاً حرف الف کی زکات اس وقت ہوگی جب قمر منزلِ شرطین میں ہوگا۔ حروف کی زکات میں منزلوں کی مطابقت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ قمر ۲۸ دنوں میں ۲۸ منزلیں طے کر جاتا ہے۔ اس لئے ۲۸ دنوں میں ۲۸ حروف کی زکات مکمل ہو جاتی ہے۔ کسی اچھی تقویم سے منازل کے اوقات داخلہ لے کر ایک ماہ کا پروگرام تیار کیا جاسکتا ہے۔ جس کے مطابق زکات ادا کی جاسکتی ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کسی ماہ صرف ایک حرف کی زکات ادا کی جائے۔ اس کو بھی منزلِ متعلقہ میں ہی ادا کرنا ہوگا اور ایک نشست میں ادا کرنی ہوگی۔ عامل کے لئے لازم ہے کہ سب سے پہلے حروف تہجی کی زکات دے بعد میں جس عمل کو چاہے پڑھے اس سے عمل میں تاثیر پیدا ہو جائے گی اور رجعت سے بھی محفوظ رہے گا۔ اکثر لوگ جو نقوش و عملیات کے میدان میں قدم رکھتے ہیں۔ مگر

وہ حروف تہجی کی زکات نہیں دیتے۔ تو اکثر عمل پڑھنے سے طبعیت میں بہ سبب کسی بے احتیاطی کے منقلب حالت میں ہو جاتے ہیں۔ زکات ادا کرنے سے حروف تہجی کے مؤکلات عامل کے گرد رہتے ہیں۔ اس لئے اُسے دوسرے عملیات میں رجعت کا خوف ہوتا ہے۔

## جدول حروف تہجی معہ مؤکلات

| نمبر | حروف | منازل قمر | عمل |
|---|---|---|---|
| ۱ | ا | شرطین | اجب یا اسرافیل بُحق یا الف |
| ۲ | ب | بطین | اجب یا جبرائیل بُحق یا ب |
| ۳ | ج | ثریا | اجب یا کلکائیل بُحق یا جیم |
| ۴ | د | وبران | اجب یا دردائیل بُحق یا دال |
| ۵ | ہ | حقعہ | اجب یا رفتمائیل بُحق یا ھا |
| ۶ | و | ھنفہ | اجب یا رفتمائیل بُحق یا واؤ |
| ۷ | ز | ذراعہ | اجب یا شرفائیلُ بحق یا زا |
| ۸ | ح | نثرہ | اجب یا تنکفیلُ بحق یا |
| ۹ | ط | طرفہ | اجب یا اسمائیلُ بحق یا طا |
| ۱۰ | ی | جبتہ | اجب یاسَرَاکیطائیلُ بحق یا یا |
| ۱۱ | ک | زھرہ | اجب یا حروزائیلُ بحق یا کاف |

| ۱۲ | ل | صرفه | اجب یاطاطائیلُ بحق یا لام |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | م | عوا | اجب یارومائیلُ بحق یا میم |
| ۱۴ | ن | سماک | اجب یاحولائیلُ بحق یا نون |
| ۱۵ | س | غفره | اجب یاهمواکیلُ بحق یا سین |
| ۱۶ | ع | زبانا | اجب یالومائیلُ بحق یا عین |
| ۱۷ | ف | اکلیل | اجب یاسرهماکیلُ بحق یا فا |
| ۱۸ | ص | قُلب | اجب یااهجمائیلُ بحق یا صاد |
| ۱۹ | ق | شوله | اجب یاعطرائیل بحق یا قاف |
| ۲۰ | ر | نعائم | اجب یا امواکیل بحق یا را |
| ۲۱ | ش | بلده | اجب یاهمرائیل بحق یا شین |
| ۲۲ | ت | ذابح | اجب یاعزرائیل بحق یا تا |
| ۲۳ | ث | بلعه | اجب یامیکائیل بحق یا ثا |
| ۲۴ | خ | سعود | اجب یامهکائیل بحق یا خا |
| ۲۵ | ذ | اخبیه | اجب یااهرائیل بحق یا ذال |
| ۲۶ | ض | مقدم | اجب یاعطکائیل بحق یا ضا |
| ۲۷ | ظ | مؤخر | اجب یاتورائیل بحق یا ظا |
| ۲۸ | غ | رشا | اجب یالوخائیل بحق یا غین |

# کائناتی انرجی

## ریکی (Reiki)

ریکی دو جاپانی الفاظ کا مرکب ہے ''رے'' اور '' کی'' ''رے'' کے معنی یونیورسل پاور، گاڈ پاور، اللہ کی طاقت اور '' کی'' انسانی پاور۔ جب یہ دونوں قوتیں ملتی ہیں تو ریکی وجود میں آتی ہے۔ ریکی دوسرے طریقہ ہائے علاج سے مختلف ہے دوسرے طریقوں میں مشقت اور ہدایات پر عمل کرنا پڑتا ہے۔ جبکہ '' ریکی'' صرف ہدایات پر مشتمل ہے اور باقی کام آپ خود بہ خود کرتے رہتے ہیں۔ کائناتی انرجی کو '' ریکی ماسٹر'' ایک خاص طریقہ سے دوسروں کو ٹرانسفر کردیتا ہے تو ان میں ہیلنگ پاور (شفا بخشی کی طاقت) آجاتی ہے۔ جس سے ریکی ہیلرز انسانوں، جانوروں، نباتات کی تمام تر بیماریوں کا علاج کرسکتا ہے۔ ریکی طریقہ علاج پوری دنیا میں مشہور اور کامیاب طریقہ علاج ہے۔

# چی پاور کورس

چی پاور کورس میں سات خاص قسم کی مشقوں کی عملی تربیت دی جاتی ہے جس سے مندرجہ فوائد حاصل ہوتے ہیں

1۔ روزانہ پانچ منٹ کی مشق سے گردوں پر توانائی کا بہاؤ متوازن ہوجائے گا اور آپ گردوں اور پیشاب کی دیگر تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔

2۔ ذہنی صلاحیتیں اور سوچنے کی قوتیں بیدار ہوتی ہیں۔ اس سے چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے اور جھریاں ختم ہوجاتی ہیں اور بڑھی ہوئی عمر میں بھی چہرہ شاداب رہتا ہے اور نسوانی حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔

3۔ اس مشق سے جنسی قوت میں اضافہ ہوتا ہے، مثانہ کو قوت ملتی ہے۔

4۔ اس کے ذریعے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ہر سیکھی ہوئی چیز آسانی سے ذہن نشین ہوجاتی ہے۔

5۔ یہ عمل بھی پانچ منٹ کا ہے۔ اس سے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

6۔ اس مشق سے پھیپھڑوں کو تقویت ملتی ہے۔ سانس کے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔

7۔ پانچ منٹ کی یہ مشق ہر طرح کے ذہنی تناؤ، تھکن اور اعصابی کھچاؤ کے لئے مفید ہے اس کے ذریعے آپ اپنے اندر نئی توانائی اور کام کرنے کا نیا جوش و ولولہ محسوس کریں گے۔

## ماورائی علوم،عملیات وروحانیات اورقرآنی علوم پر

# روحانی سکالرحکیم غلام سرورشباب

## کی لکھی ہوئی اپنی نوعیت کی منفرد کتب پرملکی اخبارات کے تبصرے

رَدِّسحر حصہ اول ہفت روزہ **الزام** کراچی مورخہ **5** دسمبر تا **12** دسمبر **1994** کا تبصرہ

تبصرہ نگار: طارق سلیمی ماہر علومِ مخفی، کراچی

نام کتاب: رَدِّسحر حصہ اول مصنف: عامل حکیم غلام سرورشباب

قیمت: **55** روپے علاوہ محصول

ملنے کا پتہ: ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان، حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

### ضرب ہے ایمان سے ردِّ سحر ،تبصرہ طارق سلیمی عامل علوم مخفی

عامل غلام سرورشباب کے قلم کا جادو

حکیم عامل غلام سرورشباب روحانی اورمخفی علوم کے ماہراورعامل ہیں۔ان کے خاندان میں علم وحکمت پشتوں سے پشت در پشت چلی آرہی ہے اسی وجہ سے انہیں ایسے بزرگوں کی صحبت میسر ہوئی اور علمی شوق پیدا ہوا۔انہیں روحانی علوم اورطب وراثت میں ملی۔حویلی لکھا میں رہائش پذیر ہیں۔اور پرانا سبزی بازار حویلی لکھا میں ان کا روحانی مطب ہے۔سحر، جادو،ٹونہ،جن بھوت اورآسیب زدگی نیز سمجھ میں نہ آنے والے امراض کا علاج قرآنی آیات اورمخفی علوم سے کرتے ہیں۔مخفی علوم پر ریسرچ اور تحقیق کے علاوہ عملیات وروحانیات،علم الحروف اورتعویذات پران کی چند کتب زیرطبع ہیں۔پاکستان کے مختلف شہروں سے چھپنے والے روحانی رسائل وجرید، جنتریوں اورتقاویم میں عملیات وتعویذات اورمخفی علوم کے بارے میں اپنے مجربات لکھتے رہتے ہیں۔

فی زمانہ دنیا بھر میں کئی طرح کے جادو پائے جاتے ہیں۔مثلاً لباس کا جادو،خوشبو کا جادو،حسن کا جادو، دولت کا جادو،اقتدار واختیارات کا جادو،ان تمام جادوؤں سے انسانی زندگی پر کیا اثرات پڑے اور پڑ رہے ہیں؟ اس بارے میں ہر خاص وعام جانتا ہے بلکہ ہر ہر قدم پر ان کے اثرات دیکھنے میں آرہے ہیں۔خصوصاً سیاسی ساحروں نے جس جادو ( کلاشنکوف ) کے زور پر عوام کو یرغمال بنانے کی کوشش کی ہے۔اس سے پاکستان کا بچہ بچہ

واقف ہے۔ایسا لگتا ہے کہ پاکستان کے ہر گلی کوچے میں سیاسی ساحروں کا زور ہے۔ان سیاسی ساحروں سے کون نپٹے گا؟ یہ وقت بتائے گا۔لیکن جادو وسحر سے متاثر انسانوں کی حالت زار پڑھ کر عامل حکیم غلام سرور شباب نے فیصلہ کیا کہ جادو سے متاثرہ انسانوں کو اس نادیدہ جہنم سے باہر نکالا جائے۔چنانچہ اس نوجوان ''ردسحر حصہ اول'' کے عنوان سے ایک کتاب مرتب کی۔جس میں جادو کی تاریخ،اس کا پس منظر،اس کے عوامل اور اثرات کو موضوع بناتے ہوئے ایسے نادرونایاب اعمال تحریر کئے ہیں جو جادوسحر کا ناقابل برداشت توڑ بھی ہیں اور علاج بھی۔

جب پہلی بار سرگوشیوں کی صدائے بازگشت نے یہ خبر سنائی کہ تمہارا یار جانی اپنے ریزہ ریزہ قطرہ ہائے خون کو جمع کر کے ''ردسحر حصہ اول'' کا دشت بیاباں عبور کر رہا ہے تو دِل نے فیصلہ کیا کہ اس کے ساتھ چلا جائے۔سو میں نے کہا کہ غلام سرور شباب مجھے بھی ساتھ لے چل میں اکیلا نہیں رہ سکتا مجھے اکیلے پن کے خوابوں سے ڈر لگتا ہے۔میری اس پکار کا جواب اس نے یوں دیا کہ مجھے بھی ساتھ لے لیا۔ہمارا یہ سفر سحر وجادو کی نیرنگیوں سے اٹا پڑا ہے ہر ہر قدم پر چونکا دینے والا ہے یا کھلے لفظوں میں یہ کہا جائے کہ عامل حکیم غلام سرور شباب نے سحر و جادو کا ایک جزیرہ دریافت کیا ہے۔جس کے ہر ذرے کو اس نے ''ردسحر'' کا نام دیا ہے،دلکش اور پر کشش نام،جس میں توانائی بھی ہے اور طبع آزمائی بھی۔

''ردسحر''،محض ایک کتاب ہی نہیں ہے بلکہ آپ کی زندگی کی مشیر،رہنما اور معطرلج بھی ہے۔یہ آپ کو مستقبل کے واقعات یعنی دشمنوں کی مخبری و جادوئی ریشہ دوانیوں سے قبل از وقت آگاہ کرے گی۔اور اس کی روک کے لئے ایک مضبوط قلعہ کا کام بھی دے گی۔اس کتاب سے فائدہ اٹھانا قارئین کرام کا حق ہے آپ اپنے اس بنیادی حق کو استعمال کرتے ہوئے ''ردسحر'' کا گہری نظر سے مطالعہ کریں۔شاید کوئی ایسا نکتہ یا ایسی بات یا کوئی ایسا مسئلہ جو آپ کی داخلی اور خارجی زندگی کو اجیرن کئے ہوئے ہے۔اس کا توڑ اس آئینہ خانہ یعنی ردسحر میں نظر آجائے اور جب روحانی مسائل کے آئینہ میں آپ کو اپنا چہرہ اپنا عکس اپنا وجود دکھائی دے تو ردسحر کے اعمال کی طرف رجوع کریں۔مجھے یقین ہے کہ آپ کے ہاتھ کوئی نہ کوئی ایسا عمل ضرور لگ جائے گا جو آپ کی بے ترتیب زندگی کی ترتیب کر سکے گا اور جو کوئی اس ''ردسحر'' کا مسافر بنے گا وہ یقیناً یہ کہے گا کہ غلام سرور شباب نے از کار رفتہ یادوں کو عہد جدید کا لفظی زیور پہنا کر قلم کی حرمت،اس کے تقدس،اس کے مرتبے اور اس کی عزت کو برقرار رکھا ہے یہ ان کی ایک بڑی نیکی ہے جس کے آثار کبھی ختم نہ ہوں گے۔بلکہ اس شجر سے،اس سمندر سے،اس کتابی کائنات سے کئی دوسرے برگ وثمر لعل وگوہر وجود میں آئیں گے اور کائنات کے اندر ایک اور کائنات وجود پائے گی۔سو چتا ہوں کہ ''ردسحر'' لکھنے پر غلام سرور شباب کو مبارک باد دوں۔لیکن پھر سوچتا ہوں کہ کہیں یہ بندہ خود پسند،خودسر،خودنما نہ بن جائے کیونکہ اس سے ابھی اور بہت سے کام لینے ہیں۔میں نے غلام سرور شباب میں علم وعمل کی روشنی کا

سمندر دیکھا ہے اور اس سمندر میں ہزاروں جو ہر موجود ہیں۔ جن سے روحانی علوم کو خوبصورتی اور زندگی مل سکتی ہے اس عامل باعمل کی طلسماتی پٹاری میں ایسے ایسے اعمال چھپے ہوئے ہیں جن کو سن کر اور پڑھ کر حیرانگی ہوتی ہے کہ ان اعمال کو جمع کرنے میں اس کا کتنا روپیہ، کتنا وقت اور کتنی عمر گزری ہوگی؟ اس بناء پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ روحانیت سے اس کی عقیدت نے اس کو فرشتگی کا جامہ پہنا دیا ہے۔ یہ انسان کے روپ میں ایک فرشتہ ہے۔ اس فرشتے کی کتاب ''ردسحر'' ضرور پڑھیئے۔

